**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

پاکستان تحریک انصاف کی پولیٹیکل کمیٹی کا ہنگامی اجلاس 22 اور 23 نومبر کی درمیانی رات کو منعقد ہوا۔ جس میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ بانی چیئرمین عمران خان کی ہدایت کے مطابق ہماری پُرامن احتجاجی تحریک کا آغاز مورخہ 24 نومبر کو پاکستان بھر کے ہر شہر سے ہوگا اور قافلے اسلام آباد کی طرف اپنے سفر کا آغاز کرینگے۔

اجلاس میں اس بات کا بھی اعادہ کیا گیا کہ یہ تحریک اس وقت تک جاری رہے گی جب تک اس کے اہداف حاصل نہیں کر لئے جاتے۔ جو مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔ پاکستان بھر میں بے گناہ قید پارٹی کے لیڈران، کارکنان اور عمران خان کی رہائی

2۔ 26ویں آئینی ترمیم کی تنسیخ

3۔ 8 فروری کے الیکشن کے حقیقی مینڈیٹ کی بحالی

پولیٹیکل کمیٹی نے ملک کی بگڑتی ہوئی معاشی صورتحال اور دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات کا نوٹس بھی لیا اور معاملات کے فوری حل کے زمرے میں حکومتی بے حسی اور بے بسی کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا پولیٹیکل کمیٹی نے پارٹی کے کارکنان اور مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی کہ وہ پرامن احتجاج میں جوق در جوق شرکت کر کے اسے کامیاب بنائیں۔ تاکہ پاکستان میں آئین اور قانون کے مطابق جمہوری دور کا آغاز ہو سکے۔ ریاست کے عوام کا اعتماد بحال ہو اور ایک بہتر مستقبل کی نوید سنائی دے۔